# گورنمنٹ کوئین میری گریجویٹ کالج لاہور

## نیلامی نوٹس: برائے ٹھیکہ کالج سیکشن کینٹین، سکول اینڈ ہاسٹل سیکشن کینٹین، ایم اے سیکشن کینٹین اور کالج سیکشن فوٹو کاپی وسٹیشنری شاپ

سکول اینڈ ہاسٹل سیکشن کینٹین، ایم اے سیکشن کینٹین، کالج سیکشن کینٹین اور کالج سیکشن فوٹو کاپی وسٹیشنری شاپ کی نیلامی کے لیے ٹیکنیکل بڈ فارم نمبر 01 مورخہ 29-01-2026 صبح 10:00 بجے تک بذریعہ ڈاک رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر سروس/ بدستی وصول کیے جائیں گے۔ ٹیکنیکل بڈ فارم نمبر 01 اصل حالت میں مکمل کر کے لفافے میں سیل کر کے دیا جائے گا۔

(1) سکول اینڈ ہاسٹل سیکشن کینٹین، ایم اے سیکشن کینٹین، کالج سیکشن کینٹین اور کالج سیکشن فوٹو کاپی وسٹیشنری شاپ کی ٹھیکہ مدت برائے ایک سال مورخہ 01 مارچ 2026 تا 28 فروری 2027 تک ہوگی۔

(2) فنانشل بولی سکول اینڈ ہاسٹل سیکشن کینٹین، ایم اے سیکشن کینٹین، کالج سیکشن کینٹین اور کالج فوٹو کاپی وسٹیشنری شاپ کے لئے کل سالانہ تخمینہ ٹھیکے کا 5% بطور زرضمانت بذریعہ C.D.R (قابل واپسی) بنام پرنسپل گورنمنٹ کوئین میری گریجوایٹ کالج لاہور منسلک کرنا ہوگی۔ جو کارروائی مکمل ہونے پر واپس کردی جائے گی۔ C.D.R. نہ ہونے کی صورت میں Disqualify کردیا جائے گا۔

(3) بولی دہندہ اپنے نام/اکاؤنٹ سے ہی C.D.R. بنوائیں گے۔ کسی گروپ یا کسی دوسرے فرد کے نام/اکاؤنٹ کی C.D.R. قابل قبول نہ ہوگی۔

(4) 29-01-2026 صبح 10:30 بجے ٹیکنیکل بڈ کھولی جائے گی۔

(5) 31-01-2026 صبح 10:30 بجے ٹیکنیکل بڈ کے رزلٹ کا اعلان کیا جائے گا۔ اور ٹیکنیکل بڈ میں Qualify کرنے والے بولی دہندگان کے درمیان بولی ہوگی۔

(6) کالج/سکول/ایم اے کینٹین کا ٹھیکہ صرف خواتین بولی دہندگان کو ہی دیا جائے گا۔ البتہ کالج فوٹو کاپی شاپ کے لیے مرد و خواتین بولی دہندگان دونوں اہل ہوں گے۔

(7) بولی دہندہ کا کینٹین کے لیے کسی تعلیمی ادارے میں کینٹین کا قابل اطمینان تجربہ /میٹرک تک تعلیمی قابلیت کو ترجیح دی جائے گی۔ فوٹو کاپی شاپ کے لیے بولی دہندہ کا کسی تعلیمی ادارے یا فوٹو کاپی شاپ کا سرکاری/غیر سرکاری تجربہ ہو۔

(8) بولی دہندہ لاہور کا/کی رہائشی ہو۔ فارم کیساتھ مہیا کردہ بیان حلفی کو 100 روپے مالیت کے اشٹامپ پیپر پر بطور بیان حلفی لکھ کر فارم کے ساتھ جمع کرائیں۔ (لازم وہی الفاظ)۔

(9) بولی دہندہ کا اپنے چال چلن اور اچھے اوصاف کا/کی حامل ہونے کا سرٹیفکیٹ سال 2026 کا متعلقہ تھانہ سے حاصل کر کے یا آن لائن پولیس خدمت سینٹر سے حاصل کر کے لف کریں۔

(10) بولی دہندہ کا اپنا ٹیکس نمبر (N.T.N) ہونا ضروری ہے جو کہ سال 2026 میں بھی Active ہو اور F.B.R. کی فوٹو کاپی منسلک کریں۔

(11) ٹھیکہ حاصل کرنے والا/والی ٹھیکہ دار سالانہ کرایہ کا ماہانہ اوسط کرایہ ہر ماہ کی 07 تاریخ تک ادا کرنے کا پابند ہوگا/ہوگی۔ کامیاب ٹھیکہ دار کو تین ماہ کا کرایہ بطور سیکورٹی پیشگی C.D.R کی صورت میں جمع کروانا ہوگا نیز ایڈوانس ٹیکس / کسی بھی قسم کا ٹیکس رائج الوقت تبدیل شدہ حکومتی شرح ٹیکسز کے مطابق پورے سال کا کینٹین/فوٹو کاپی شاپ شروع کرنے سے پہلے جمع کروانا ہوگا۔

(12) سابقہ ٹھیکیداران کالج جنہوں نے مدت ٹھیکہ ختم ہونے کے بعد قبضہ واپس کالج انتظامیہ کو نہ کیا ہو موجودہ بولی میں حصہ لینے کے اہل نہ ہونگے۔

(13) مقررہ تاریخ اور وقت کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی بڈ فارم قابل قبول نہ ہوگا۔ فارم پر کرنے سے پہلے شرائط و قواعد وضوابط کو بغور پڑھ لیا جائے۔

(14) زیر دستخطی تمام بولی کو کسی بھی وقت منسوخ کرنے کی مجاز ہیں۔

(15) فارم شرائط و قواعد وضوابط کالج دفتر سے صبح 10:00 بجے سے دوپہر 03:00 بجے تک بعوض -/4000 روپے (ناقابل واپسی) حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

نوٹ:۔ یہ اشتہار کالج کی ویب سائٹ www.qmc.edu.pk پر بھی دیکھا جاسکتا ہے۔

پرنسپل
گورنمنٹ کوئین میری گریجویٹ کالج لاہور

Principal
Govt. Queen Mary Graduate College, Lahore